اے خدا تجھسے هے یہ میری التجاء
تاقیامۃ هو برهان دیں کی بقاء

تاقیامۃ رهے عیش ارغد میں شه
عرشِ صحۃ پہ دائم رهے استواء

تاقیامۃ حفاظۃ میں رب کی رهے
شاه طیب کے ظل میں رهے باهناء

تاقیامۃ بسے طیبی آنکھ میں
هو دُنو قاب قوسین سی اور لقاء

تاقیامۃ هو محفوظ الهام سے
اور عصی پہ هو تأئید کی اتکاء

تاقیامۃ سناء دل سے اشراق کی
چمکے اور فیوض کی چھائے فضاء

تاقیامۃ امامیۃ الطاف سے
هو برهان دیں شاه کی بهجۃ بهاء

تاقیامۃ اوجالا ظهور کا هو
پھیلے طیبی کشف کی هر سو ضیاء

تاقيامة دکھاوے شؤونؔ ھو کے خوش
چوے جبھة محمد كي طيب سدا

تاقيامة ستارو کے درمیانَ میں
گاڑھے طيبي دعوة کے اٰقا لواء

تاقيامة نيابة کے مجد میں رھے
ھو برھاني مماجد سماء کے سماء

تاقيامة مكارم محامد معا
لي کے افلاك میں شه كا ھو ارتقاء

تاقيامة یہ بدر الستر جگمگے
جسکے شعلے نفوس کو بخشے صفاء

تاقيامة یہ علمي اناء كوثري
اٰب سے چھلکے دل كي بجھادے ظماء

تاقيامة محمد کے نام كي سب
مؤمنیں کرے تسبيح ھر صبح و مساء

تاقيامة ھو مؤمن كي ايك ھي دُھن
مولی کر دے ھم اٰپ پہ جان فداء

تاقیامة رهو اقا برهان دیں

پڑھکے صلوات شیریں کرے یہ دعاء